قرآنی الفاظ کے مادّے
جس میں تمام قرآنی الفاظ کے مادّے (ROOTS) دیے گئے ہیں
www.KitaboSunnat.com
تالیف
پروفیسر مولانا محمد رفیق

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ

# قرآنی الفاظ کے مادّے

اس کے علاوہ تمام الفاظ کا اُردو ترجمہ کیا گیا ہے
اور افعال کے ابواب کی نشان دہی کی گئی ہے

پروفیسر مولانا محمد رفیق

نام کتاب: قرآنی الفاظ کے مادّے

ترتیب: پروفیسر مولانا محمد رفیق

ناشر: مکتبہ قرآنیات، یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار لاہور۔ پاکستان

فون: 5811297، موبائل: 0321-7724032
0333-4399812

اہتمام: حافظ تقی الدین

سن اشاعت: اکتوبر 2009ء

## ملنے کے پتے

مکتبہ قرآنیات، یوسف مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار لاہور

1۔ کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار لاہور

2۔ کتب خانہ رشیدیہ، راجہ بازار، راولپنڈی

# فہرست

☆..........☆..........☆

# دیباچہ

قرآن مجید عربی زبان میں نازل ہوا ہے، اور عربی نہایت جامع اور فصیح و بلیغ زبان ہے۔ اس کا وسیع ذخیرۂ الفاظ ہے اور اس میں نئے الفاظ بنانے (Coin) کا باقاعدہ نظام موجود ہے۔ اس کے ہر اسم اور فعل کا عام طور پر ایک مادہ (Root) ہوتا ہے جس میں اس کے بنیادی معنی پوشیدہ ہوتے ہیں۔ اگر کسی لفظ کے بنیادی معنی معلوم ہوں تو اس سے بننے والے تمام اسماء، افعال اور مشتقات کا مطلب سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔

مثال کے طور پر لفظ کِتَابٌ کو لیجیے۔ اس کا مادہ (Root) یہ ہے: ک ت ب۔ اس مادے کے بنیادی معنی لکھنے کے ہیں اور اس سے بننے والے الفاظ جیسے کَاتِبٌ (لکھنے والا)، کِتَابَةٌ (لکھنا)، مَکْتُوبٌ (لکھا گیا۔ خط) وغیرہ ہیں اور ان سب میں لکھنے کا مفہوم کسی نہ کسی طرح شامل ہو گیا ہے۔

قرآنِ مجید میں کل الفاظ کی تعداد (Vocabulary) صرف چھ ہزار سے کچھ اوپر ہے۔ ان میں بھی بنیادی الفاظ صرف دو ہزار کے لگ بھگ ہیں۔ جو مختلف صیغوں (Forms) میں آتے ہیں، جیسے:

اٰمَنَ، یُؤْمِنُ، یُؤْمِنُوْنَ، تُؤْمِنُوْنَ، اٰمَنْتُ، اٰمَنَّا، مُؤْمِنٌ، مُؤْمِنُوْنَ، مُؤْمِنِیْنَ، مُؤْمِنَاتٌ وغیرہ سب اِیْمَانٌ مصدر سے بنے ہیں جس کا مادہ (Root) ء م ن ہے۔ اب اگر کوئی شخص اِیْمَانٌ کے معنی سمجھ لیتا ہے تو اس کے لیے اس سے بننے والے تمام الفاظ کے معنی سمجھنا آسان ہو جائے گا۔ گویا اگر صرف دو ہزار بنیادی قرآنی الفاظ کے معانی اُن کے مادوں (Roots) کے لحاظ سے سمجھ لیے جائیں تو پورے قرآن کے تمام الفاظ کے معانی سمجھنا آسان ہو جائے گا۔

الحمدللہ، آج کل قرآنِ مجید کو سیکھنے سکھانے کا شوق مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین میں بھی بڑھ رہا ہے اور ان کی رہنمائی کے لیے قرآن فہمی کو آسان بنانے کے وسائل اور معاونات بھی فراہم ہو رہے ہیں۔ یہ کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ چوں کہ بازار میں ایسی کوئی کتاب موجود نہ تھی جس میں تمام قرآنی الفاظ کے مادے لکھے گئے ہوں، اس لیے ایسی کتاب لکھنے کی ضرورت تھی جو طلبہ و طالبات کی معاون ہو سکے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اب یہ کتاب بھی میری اُن تالیفات میں شامل ہو گئی ہے جو میں نے قرآن فہمی کی تسہیل کے حوالے سے مرتب کی ہیں، جیسے:

1۔آسانی قرآنی عربی 2۔ آسان علومِ قرآن

3۔الفوز الکبیر (اُردو ترجمہ) 4۔قرآن کے دامن میں

5۔آسان ترجمہ قرآن 6۔لغات القرآن ترتیبی (زیرِ طبع)

7۔قرآنی ڈکشنری (عربی، اُردو، انگلش) [زیرِ طبع]

8۔قرآن سے ایک انٹرویو

زیرِ نظر کتاب میں درج ذیل چند امور پیشِ نظر رکھے گئے ہیں:

1۔ جو الفاظ قرآنِ مجید میں تنوین کی مختلف حالتوں میں آئے ہیں اُن کو کسی ایک تنوین کے ساتھ لکھا کر اُن کے مادے بیان کیے گئے ہیں جیسے کِتَابٌ، کِتَابًا، کِتَابٍ کو صرف کِتَابٌ لکھ کر اس کا مادہ دے دیا گیا ہے۔

2۔ فعل ماضی مطلق کے ایسے تین حرفی (ثلاثی مجرد) افعال نہیں دیے گئے جو صحیح ہوں اور اُن میں کوئی حرف علت (ء۔ و۔ ی) نہ آیا ہو۔ جیسے ضَرَبَ، ضَرَبَا، ضَرَبُوْا...... کیونکہ یہ عام فہم اور واضح تھے۔ البتہ حروفِ علت والے افعال کے مادے ضرور دیے گئے ہیں۔

3۔ اکثر اعلام الفاظ نہیں دیے گئے کیوں کہ وہ تو لغت میں حروفِ تہجی کے ذریعے معلوم کیے جاسکتے ہیں اوران کے مادے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، جیسے: یعقوب، مریم، اسماعیل علیہم السلام وغیرہ۔

4۔ وہ الفاظ جن کے شروع میں کوئی حرف (جار وغیرہ) آگیا ہے اُن کو بغیر حرف کے لکھ کر اُن کا مادہ بیان کیا گیا ہے۔ جیسے لِیَکُوْنَ کو یَکُوْنُ اور لَتَرْکَبُنَّ کو تَرْکَبُنَّ لکھا گیا ہے۔

5۔ چونکہ حروف اور ضمائر کے مادے لکھنے کی ضرورت نہیں تھی اس لیے وہ نہیں لکھے گئے۔

6۔ اس کتاب کے پہلے ایڈیشن میں صرف قرآنی الفاظ اور اُن کے مادے (Roots) دیے گئے ہیں لیکن موجودہ اضافہ شدہ ایڈیشن میں تمام الفاظ کے اُردو ترجمے کے علاوہ افعال کے ابواب کی نشان دہی بھی کر دی گئی ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ وہ میری اس حقیر خدمت کو قبول فرمائے اور اس کو قرآن فہمی کے شائقین کے لیے مفید اور نافع بنائے۔ آمین

3۔اکتوبر 2008ء
بمطابق 3 شوال 1429ھ

والسلام
محمد رفیق
لاہور

☆............☆............☆

# اشارات ومحذوفات

## (ABBREVIATIONS)

اس کتاب میں درج ذیل رُموز اور محذوفات (Abbreviations) استعمال کیے گئے ہیں:

1۔ ثلاثی مجرد کے افعال (Verbs) کے ابواب کو اس طرح ظاہر کیا گیا ہے:

باب ضَرَبَ یَضْرِبُ ضَرْبًا کے لیے (ض) کی علامت استعمال کی گئی ہے۔

باب سَمِعَ یَسْمَعُ سَمْعًا کے لیے (س) کی علامت استعمال کی گئی ہے۔

باب فَتَحَ یَفْتَحُ فَتْحًا کے لیے (ف) کی علامت استعمال کی گئی ہے۔

باب نَصَرَ یَنْصُرُ نَصْرًا کے لیے (ن) کی علامت استعمال کی گئی ہے۔

باب کَرُمَ یَکْرُمُ کَرْمًا کے لیے (ک) کی علامت استعمال کی گئی ہے۔

باب حَسِبَ یَحْسِبُ حَسْبًا کے لیے (ح) کی علامت استعمال کی گئی ہے۔

2۔ ثلاثی مزید فیہ، رباعی مجرد اور رباعی مزید فیہ کے افعال کے ابواب کو درج ذیل نمبروں سے ظاہر کیا گیا ہے:

باب اَفْعَلَ یُفْعِلُ اِفْعَالٌ کی نشان دہی (1) سے کی گئی ہے۔

باب فَعَّلَ یُفَعِّلُ تَفْعِیلٌ کی نشان دہی (2) سے کی گئی ہے۔

باب فَاعَلَ یُفَاعِلُ مُفَاعَلَةٌ کی نشان دہی (3) سے کی گئی ہے۔

باب تَفَعَّلَ یَتَفَعَّلُ تَفَعُّلٌ کی نشان دہی (4) سے کی گئی ہے۔

باب تَفَاعَلَ یَتَفَاعَلُ تَفَاعُلٌ کی نشان دہی (5) سے کی گئی ہے۔

باب اِنْفَعَلَ یَنْفَعِلُ اِنْفِعَالٌ کی نشان دہی (6) سے کی گئی ہے۔

بابِ اِفْتَعَلَ يَفْتَعِلُ اِفْتِعَالٌ کی نشان دہی (7) سے کی گئی ہے۔

بابِ اِفْعَلَّ يَفْعَلُّ اِفْعِلَالٌ کی نشان دہی (8) سے کی گئی ہے۔

بابِ اِسْتَفْعَلَ يَسْتَفْعِلُ اِسْتِفْعَالٌ کی نشان دہی (9) سے کی گئی ہے۔

بابِ فَعْلَلَ يُفَعْلِلُ فَعْلَلَةٌ کی نشان دہی (10) سے کی گئی ہے۔

بابِ اِفْعَلَلَّ يَفْعَلِلُّ اِفْعِلَّالٌ کی نشان دہی (11) سے کی گئی ہے۔

نوٹ: مذکورہ بالا افعال کے ابواب کے سوا عربی زبان کا کوئی اور باب قرآنِ مجید میں استعمال نہیں ہوا۔

☆..........☆..........☆

## باب الہمزۃ

اٰبَاۤءُ=(اب و) باپ دادا

اٰتِ=(ءت ی)(1) تو دے

اٰتٍ=(ءت ی) آنے والا

اٰتٰی=(ءت ی)(1) اس نے دیا

اٰتَتْ=(ءت ی)(1) اس عورت نے دیا

اٰتَوْا=(ءت ی)(1) وہ لائے

اٰتُوْا=(ءت ی)(1) تم لاؤ، تم دو

اٰتِیْ=(ءت ی)(1) میں لاؤں، لانے والا

اٰتَیْتَ=(ءت ی)(1) تو نے دیا

اٰتِیَةٌ=(ءت ی) آنے والی

اٰتَیْتُ=(ءت ی)(1) میں نے دیا

اٰتَیْتُمْ=(ءت ی)(1) تم نے دیا

اٰتَیْتُمُوْا=(ءت ی)(1) تم نے دیا

اٰتِیْنَ=(ءت ی)(1) تم (عورتیں) دیا کرو

اٰتَیْنَا=(ءت ی)(1) ہم لائے۔ ہم نے دیا

اٰتِیَنَّهُمْ=(ءت ی)(1) میں اُن کے پاس ضرور آؤں گا

اٰثَارٌ=(ءث ر) نشانات۔ یادگاریں

اٰثَرَ۔(ءث ر)(1) اس نے ترجیح رفضیلت دی

اٰثِمٌ=(ءث م) گناہ گار

اٰثِمِیْنَ=(ءث م) گناہ گار لوگ

اٰخِذُ=(ءخ ذ) لینے رپکڑنے والا

اٰخِذِیْنَ=(ءخ ذ)(ن) لینے والے

اٰخِذِیْهِ=(ءخ ذ)(ن) لینے رپکڑنے والے اُسے

اٰخَرَ=(ءخ ر) دوسرا

اٰخِرِ=(ءخ ر) آخری

اٰخَرٰنِ=(ءخ ر) دو دوسرے

اٰخِرَةٌ=(ءخ ر) آخرت

اٰخَرُوْنَ=(ءخ ر) دوسرے لوگ

اٰخَرِیْنَ=(ءخ ر) دوسرے لوگ

اٰخِرِیْنَ=(ءخ ر) آخری لوگ

اٰدَمَ=(ءدم) آدم علیہ السلام

اٰذَانٌ=(ءذن) اذان۔ اعلان

اٰذَنَ=(ءذن)(1) میں حکم دوں میں اجازت دوں

اٰذَنّٰكَ=(ءذن)(1) ہم نے عرض کیا تجھ سے

اٰذَنْتُكُمْ=(ءذن)(1) میں نے تمہیں آگاہ کر دیا

اٰذَوْا=(ءذی)(1) اُنہوں نے ستایا

اٰذُوْا=(ءذی)(1) تم ستاؤ

اٰذَیْتُمُوْنَا=(ءذی)(1) تم نے اذیت دی ہم کو

اٰزَرَ=(ءزر) آزر

اٰزَرَهٗ=(ءزر)(3) اُس نے مضبوط کیا

اٰزِفَةِ=(ءزف) قریب آنے والی

اٰسٰى=(ءس ی)(س) میں غم کروں

اٰسَفُوْنَا=(ءس ف)(1) اُنھوں نے ہمیں غصہ دلایا

اٰسِنٍ=(ءس ن) بدلا ہوا۔ باسی

اٰصَالِ=(ءص ل) شام کا وقت

اٰفَاقِ=(ءف ق) اُفق (جمع) دنیا

اٰفِلِيْنَ=(ءف ل) غروب ہونے والے

اٰكِلُوْنَ=(ءک ل) کھانے والے

اٰلَ=(ءو ل) آل۔ خاندان

اٰلُفٍ=(ءل ف) ہزاروں

اٰلَآءِ=(ءل ی) نعمتیں (جمع)

اٰلِهَةً=(ءل ہ) معبود (جمع)

اٰمُرَنَّهُمْ =(ءم ر)(ن) میں ضرور حکم دوں گا اُن کو

اٰمِرُوْنَ=(ءم ر) حکم دینے والے

اٰمُرُ=(ءم ر)(ن) میں حکم دیتا ہوں

اٰمَنَ=(ءم ن)(1) وہ ایمان لایا

اٰمِنْ=(ءم ن)(1) تو ایمان لا

اٰمِنًا=(ءم ن) پرامن۔ امان یافتہ

اٰمَنَّا=(ءم ن)(1) ہم ایمان لائے

اٰمَنْتُ=(ءم ن)(1) میں ایمان لایا

اٰمَنَتْ=(ءم ن)(1) وہ ایمان لائی

اٰمِنَةً=(ءم ن) پرامن۔ مطمئن

اٰمَنْتُمْ=(ءم ن)(1) تم ایمان لائے

اٰمَنُ=(ءم ن)(س) میں اعتبار کروں

اٰمَنُوْا=(ءم ن)(1) وہ ایمان لائے

اٰمِنُوْا=(ءم ن)(1) تم ایمان لاؤ

اٰمِنُوْنَ=(ءم ن) امن والے۔ مطمئن

اٰمَنَهُمْ=(ءم ن)(1) اُس نے امن دیا اُن کو

اٰمِنِيْنَ=(ءم ن) مطمئن۔ بےخوف

اٰمِّيْنَ=(ءم م) ارادہ کرنے والے

اٰنٍ=(ءن ی) کھولتا ہوا گرم پانی

اٰنَآءَ=(ءن ی) اوقات گھڑیاں

اٰنَسَ =(ءن س)(1) اُس نے دیکھا محسوس کیا

اٰنَسْتُ=(ءن س)(1) میں نے دیکھا محسوس کیا

اٰنَسْتُمْ=(ءن س)(1) تم نے دیکھا محسوس کیا

اٰنِفًا=(ءن ف) ابھی۔ اسی وقت

اٰنِيَةٍ=(ءن ی) سخت کھولتی ہوئی

اٰوٰی=(ءوی) (1) اُس نے جگہ دی

اٰوَوْا=(ءوی) (1) اُنہوں نے جگہ دی

اٰوِیْ=(ءوی) میں پناہ لوں گا

اٰوَیْنٰھُمَا=(ءوی)(1) ہم نے دونوں کو ٹھکانا دیا

اٰیٰتٍ=(ءیء) آیتیں۔نشانیاں

اٰیَةً=(ءیء) نشانی۔آیت

اٰیَتَیْنِ=(ءیء) دونشانیاں

## ءب

اَبًا=(ءبو) باپ

اَبًّا=(ءبب) گھاس۔چارہ

اَبٰی=(ءبی)(ف ض) اُس نے انکار کیا

اَبَابِیْلَ=(ءبل) جھنڈ کے جھنڈ

اَبَارِیْقَ=(برق) لوٹے۔جگ

اَبَتِ=(ءبو) میرے ابا جان

اِبْتَدَعُوْھَا=(بدع)(7) اُنہوں نے خود گھڑ لیا اُس کو

اِبْتَرُ=(بتر) بے اولاد

اِبْتَغِ=(بغی)(7) تو تلاش کر

اِبْتَغٰی=(بغی)(7) اُس نے تلاش کیا

اِبْتِغَآءَ=(بغی)(7) چاہنا۔تلاش کرنا

اِبْتَغَوْا=(بغی)(7) انہوں نے تلاش کیا

اِبْتَغُوْا=(بغی)(7) تم تلاش کرو

اَبْتَغِیْ=(بغی)(7) میں تلاش کروں

اِبْتَغَیْتَ=(بغی)(7) تو نے چاہا

اِبْتَلٰی=(بلو) (7) اُس نے آزمایا؟

اِبْتَلُوْا=(بلو) (7) تم آزماؤ/جانچو؟

اُبْتُلِیَ=(بلو) (7) وہ آزمایا گیا

اَبْحُرٌ=(بحر) سمندر (جمع)

اُبْدِلَ=(بدل)(2) میں بدل دوں

اَبْرَارِ=(برر) نیک لوگ

اَبْرَحَ=(برح)(ف) میں نہ ہٹوں گا

اَبْرَصَ=(برص) کوڑھی

اَبْرَمُوْا=(برم)(1) انہوں نے طے کیا

اُبْرِئُ=(برء)(1) میں اچھا کرتا ہوں

اُبَرِّئُ=(برء) (2) میں بری/پاک کرتا ہوں

اُبْسِلُوْا=(بسل)(1) وہ مبتلا ہوئے

اَبْشِرُوْا=(بشر)(1) تم خوش رہو/خوشخبری سنو

اَبْصَارَ=(بصر) آنکھیں

اَبْصَرَ=(بصر)(1) اُس نے دیکھا

اَبْصِرْ=(بصر)(1) تو دیکھ۔تو دکھا

اَبْصَرْنَا=(بصر)(1) ہم نے دیکھا

اِبْعَثْ=(ب ع ث)(ف) تو بھیج رمقرر کر
اُبْعَثُ=(ب ع ث)(ف) میں اُٹھایا جاؤں گا
اِبْعَثُوا=(ب ع ث)(ف) تم بھیجو
اَبْغِيْ=(ب غ ی)(ض) میں تلاش کرو
اَبْقٰى=(ب ق ی)(1) بہت باقی رہنے والا
اَبْقٰى=(ب ق ی)(1) اُس نے باقی رکھا
اَبْكٰى=(ب ک ی)(1) وہ رُلاتا ہے
اَبْكَارًا=(ب ک ر) کنواریاں
اِبْكَار=(ب ک ر) صبح کا وقت
اَبْكَمُ=(ب ک م) گونگا
اِبْلَعِيْ=(ب ل ع)(ف) تو نگل جا
اَبْلُغَ=(ب ل غ)(ن) میں پہنچ جاؤں
اَبْلَغْتُ=(ب ل غ)(1) میں نے پہنچایا
اُبَلِّغُ=(ب ل غ)(2) میں تبلیغ کرتا ہوں
اَبْلَغُوْا=(ب ل غ)(1) انہوں نے پہنچایا
اَبْلِغْهُ=(ب ل غ)(1) تو اس کو پہنچا دے
اِبْلِيْسُ=(ب ل س) ابلیس۔شیطان
اِبْنٌ=(ب ن و) بیٹا
اُبْنُوْا=(ب ن و)(ض) تم بناؤ
اَبَوْا=(ء ب ی)(ف۔ض) اُنہوں نے انکار کیا
اَبْوَابٌ=(ب و ب) دروازے

اَبِيْ=(ء ب و) میرا باپ
اَبْيَضُ=(ب ی ض) سفید
اِبْيَضَّتْ=(ب ی ض)(8) وہ سفید ہوگئیں
اَبَيْــنَ=(ء ب ی)(ف۔ض) اُنہوں نے انکار کیا
اُبَيِّنُ=(ب ی ن)(2) میں بیان کرو

## ء ت

اَتٰى=(ء ت ی)(ض) وہ آیا
اَلتَّائِبُوْنَ=(ت و ب) توبہ کرنے والے
اِتِّبَاعُ=(ت ب ع) اتباع۔پیروی
اَتْبَعَ=(ت ب ع)(1) وہ پیچھے لگا
اَتَّبِعُ=(ت ب ع)(7) میں پیروی کرتا ہوں
اِتَّبِعْ=(ت ب ع)(7) تو پیروی کر
اِتَّبَعَ=(ت ب ع)(7) اُس نے پیروی کی
اِتَّبَعْتَ=(ت ب ع)(7) تو نے پیروی کی
اِتَّبَعْتُ=(ت ب ع)(7) میں نے پیروی کی
اِتَّبَعْتُمْ=(ت ب ع)(7) تم نے پیروی کی
اِتَّبَعَتْهُمْ=(ت ب ع)(7) اُس (عورت) نے اُن کی پیروی کی
اِتَّبَعْنَا=(ت ب ع)(7) ہم نے پیروی کی
اَتْبَعْنٰهُمْ=(ت ب ع)(1) ہم نے اُن کے

پیچھے لگا دیا
اِتَّبَعُوْا = (ت ب ع) (7) اُنہوں نے پیروی کی
اِتَّبِعُوْا = (ت ب ع) (7) تم پیروی کرو
اُتْبِعُوْا = (ت ب ع) (1) اُن کے پیچھے لگا دیا گیا
اُتُّبِعُوْا = (ت ب ع) (7) اُن کی پیروی کی گئی
اَتْبَعُوْهُمْ = (ت ب ع) (1) وہ اُن کے پیچھے لگے
اَتَّبِعُهُ = (ت ب ع) (7) میں اُس کی پیروی کروں گا
اَتَتْ = (ء ت ی) (ض) وہ آئی
اِتِّخَاذِكُمْ = (ء خ ذ) (ن) لینا / پکڑنا تمہارا
اَتَّخِذُ = (ء خ ذ) (ن) میں بناتا ہوں
اَتَّخَذْ = (ء خ ذ) (ن) میں نے بنایا
اِتَّخَذَ = (ء خ ذ) (ن) اُس نے بنایا
اِتَّخَذَتْ = (ء خ ذ) (ن) اُس نے بنایا (مونث)
اِتَّخَذْتَ = (ء خ ذ) (ن) تو نے بنایا
اِتَّخَذْتُ = (ء خ ذ) میں نے بنایا
اَتَّخَذْتُمْ = (ء خ ذ) (ن) کیا تم نے اختیار کیا
اِتَّخَذْتُمْ = (ء خ ذ) (ن) تم نے بنا لیا

اَتَّخِذَنَّ = (ء خ ذ) (ن) میں ضرور بناؤں گا
اَتَّخَذْنَا = (ء خ ذ) (ن) ہم نے بنایا / اختیار کیا
اِتَّخَذُوْا = (ء خ ذ) (ن) اُنہوں نے لیا / اختیار کیا
اِتَّخِذُوْا = (ء خ ذ) (ن) تم بناؤ / اختیار کرو
اِتَّخِذْهُ = (ء خ ذ) (ن) تو اس کو اختیار کر
اِتَّخِذِیْ = (ء خ ذ) (ن) تو (عورت) لے / پکڑ
اَتْرَابٌ = (ت ر ب) ہم عمر عورتیں
اُتْرِفْتُمْ = (ت ر ف) (1) تم کو خوشحالی دی گئی
اَتْرَفْنَا = (ت ر ف) (1) ہم نے اُن کو خوشحالی دی
اُتْرِفُوْا = (ت ر ف) (1) اُن کو خوشحالی دی گئی
اُتْرُكْ = (ت ر ک) (ن) تو چھوڑ
اِتَّسَقَ = (و س ق) (7) وہ پورا ہو گیا
اِتَّقِ = (و ق ی) (7) تو ڈر
اَتْقٰی = (و ق ی) بڑا پرہیزگار
اِتَّقٰی = (و ق ی) (7) وہ ڈرا
اَتْقَنَ = (ت ق ن) (1) اُس نے مضبوط بنایا
اِتَّقَوْا = (و ق ی) (7) وہ ڈرے
اِتَّقُوْا = (و ق ی) (7) تم ڈرو
اِتَّقَیْتُنَّ = (و ق ی) (7) تم (عورتیں) پرہیزگار بنو

اِتَّقِيْنَ=(وق ی)(7)ڈرتی رہو

اَتْلُ=(ت ل و)(ن)تو تلاوت کر

اَتْلُوْا=(ت ل و)(ن) میں تلاوت کروں

اَتْلُوَ=(ت ل و)(ن)میں تلاوت کرو

اُتِمَّ=(ت م م) (1)میں پورا کروں

اَتْمِمْ=(ت م م) (1)تو پورا کر

اَتْمَمْتَ=(ت م م) (1)تو نے پورا کیا

اَتْمَمْتُ=(ت م م) (1)میں نے پورا کیا

اَتْمَمْنَا=(ت م م) (1)ہم نے پورا کیا

اَتِمُّوْا=(ت م م) (1)تم پورا کرو

اَتَمَّ=(ت م م) (1)اُس نے پورا کیا

اَتَوْا=(ء ت ی)(ض)وہ آئے

اُتُوْا=(ء ت ی)(ض)وہ لائے گئے

اَتُوْبُ=(ت و ب)(ن)میں توبہ رجوع کرتا ہوں

اَتَوَكَّؤُا=(و ک ء)(4)میں ٹیک لگاتا ہوں

اَتَيَا=(ء ت ی)(ض)وہ دونوں آئے

اَتَيْتَ=(ء ت ی)(ض)تو آیا/لایا

اَتَيْنَ=(ء ت ی)(ض)وہ آئیں

اَتَيْنَا=(ء ت ی) (ض)ہم آئے/لائے

## ء ث

اَثَابَ=(ث و ب)(1)اُس نے بدلہ دیا

اَثَاثًا=(ء ث ث) گھریلو سامان

اَثَارُوْا=( ث و ر)(1)اُنہوں نے نشان چھوڑا

اَثْرَةٍ=(ء ث ر)نشان۔نقل۔بقیہ علم

اِثَّاقَلْتُمْ=(ث ق ل)(3) تم بوجھل ہو گئے

اُثْبُتُوْا=(ث ب ت)(ن)تم ثابت قدم رہو

اَثْخَنْتُمُوْهُمْ=(ث خ ن)(1)تم نے اُن کو خوب قتل کیا

اَثَرْنَ=(ث و ر)(1)اُنہوں (مونث) نے اُٹھایا

اَثَرِيْ=(ء ث ر)میرے پیچھے

اَثْقَالًا=(ث ق ل)بوجھ (جمع)

اَثْقَلَتْ=(ث ق ل)(1)وہ بھاری ہوئی

اَثْلٍ=(ث ق ل) جھاؤ کا پودا

اِثْمٌ=(ء ث م) گناہ

اَثْمَرَ=( ث م ر)(1) وہ پھل لایا/بار آور ہوا

اِثْنَانِ=(ث ن ی)دو

اَثِيْمًا=(ء ث م) گناہ گار

## ء ج

اُجَاجٌ=(ء ج ج) کڑوا/تلخ

اَجَآءَ=(ج ی ء)(1)وہ لے آیا

اَجَبْتُمْ=(ج و ب)(1)تم نے جواب دیا

اُجِبْتُمْ=(ج و ب)(1)تمہیں جواب دیا گیا

اِجْتَبٰکُمْ=(ج ب ی)(7)اُس نے چن لیا تم کو

اِجْتَبَیْتَهَا=(ج ب ی)(7) تو نے چن لیا

اِجْتَبَیْنَا=(ج ب ی)(7) ہم نے چن لیا

اُجْتُثَّتْ=(ج ث ث)(7) وہ اُکھاڑی / نکالی گئی

اِجْتَـرَحُوْا=(ج ر ح)(7)اُنہوں نے ارتکاب کیا / کمایا

اِجْتَمَعَتْ=(ج م ع)(7) وہ جمع ہوئی

اِجْتَمَعُوْا=(ج م ع)(7)وہ جمع ہوئے

اِجْتَنَبُوْا=(ج ن ب)(7) وہ بچے

اِجْتَنِبُوْا=(ج ن ب)(7) تم بچو

اَجِدُ=(و ج د)(ض ـ ح)میں پاتا ہوں

اَجْدَاثِ=(ج د ث)قبریں

اَجْدَرُ=(ج د ر)زیادہ مناسب / موزوں

اَجِدَنَّ=(و ج د)(ض)میں ضرور پاؤں گا

اَجْرٌ=(ء ج ر)مزدوری ـ بدلہ

اِجْرَامِیْ=(ج ر م)جرم / گناہ میرا

اَجْرَمْنَا=(ج ر م)(1) ہم نے جرم / گناہ کیا

اَجْـرَمُـوْا=(ج ر م)(1)انہوں نے جرم / گناہ کیا

اٰجِرْهُ=(ء ج ر)(ن)تو ملازم رکھ لے اس کو

اَجْسَامٌ=(ج س م)جسم (جمع)

اَجْعَلُ=(ج ع ل)(ف)میں بناؤں

اِجْعَلْ=(ج ع ل)(ف)تو بنا

## ءح

اَجْـعَـلَـنَّـكَ=(ج ع ل)(ف)میں ضرور تجھے بناؤں گا

اِجْعَلُوْا=(ج ع ل)(ف)تم بناؤ

اَجْلِ=(ء ج ل)وجہ ـ سبب

اَجَلٌ=(ء ج ل)مدت ـ وقت

اَجْلِبْ=( ج ل ب)(1)تو کھینچ ـ تو جمع کر لے

اَجَّلْتَ=( ء ج ل)(2) تو نے وقت مقرر کیا

اُجِّلَتْ=(ء ج ل)وقت مقرر کیا گیا

اِجْلِدُوْا=(ج ل د)(ض)تم کوڑے مارو

اَجْـمَـعُـوْا=( ج م ع)(1) اُنہوں نے اتفاق کرلیا

اَجْمِعُوْا=(ج م ع)(1) تم جمع کرو

اَجْمَعُوْنَ=(ج م ع)وہ سب

اَجْمَعِيْنَ = (ج م ع) وہ سب
اُجْنُبْنِىْ = (ج ن ب) (ن) تو مجھے دور رکھ
اَجِنَّةٌ = (ج ن ن) جنین (جمع) پیٹ میں بچہ
اِجْنَحْ = (ج ن ح) (ف) تو جھک جا
اَجْنِحَةٌ = (ج ن ح) پر۔ بازو (جمع)
اُجُوْرٌ = (ء ج ر) بدلہ (جمع)
اِجْهَرُوْا = (ج ھ ر) (ف) تم پکار کر کہو
اُجِيْبُ = (ج و ب) (1) میں قبول کرتا ہوں
اُجِيْبَتْ = (ج و ب) (1) وہ قبول کی گئی
اَجِيْبُوْا = (ج و ب) (1) تم جواب دو، قبول کرو
اَحَادِيْثَ = (ح د ث) باتیں۔ قصے
اَحَاطَ = (ح و ط) (1) اُس نے احاطہ کرلیا
اَحَاطَتْ = (ح و ط) (1) اُس (مونث) نے احاطہ کرلیا
اَحَبَّ = (ح ب ب) بہت پیارا
اَحَبُّ = (ح ب ب) بہت محبوب
اُحِبُّ = (ح ب ب) (1) میں محبت کرتا ہوں
اَحْبَارُ = (ح ب ر) یہودیوں کے علماء
اَحِبَّآءُهٗ = (ح ب ب) اُس کے پیارے
اَحْبَبْتَ = (ح ب ب) (1) تو نے پسند کیا

اَحْبَبْتُ = (ح ب ب) (1) میں نے پسند کیا
اَحْبَطَ = (ح ب ط) (1) اُس نے ضائع کر دیا
اِحْتَرَقَتْ = (ح ر ق) (7) وہ جل گئی
اِحْتَمَلَ = (ح م ل) (7) اُس نے اُٹھایا
اِحْتَمَلُوْا = (ح م ل) (7) اُنہوں نے اُٹھایا
اَحْتَنِكَنَّ = (ح ن ک) (7) میں ضرور بہکاؤں گا
اَحَدٌ = (ء ح د) ایک
اُحْدِثُ = (ح د ث) (1) میں ذکر کروں گا
اِحْذَرُوْا = (ح ذ ر) (س) تم بچو
اِحْذَرْ = (ح ذ ر) (س) تو بچ
اَحْرَصَ = (ح ر ص) بڑا حریص / لالچی
اَحْزَابٌ = (ح ز ب) گروہ۔ جماعتیں
اَحَسَّ = (ح س س) (1) اُس نے محسوس کیا
اِحْسَانٌ = (ح س ن) نیکی کرنا
اَحْسَنُ = (ح س ن) بہت اچھا
اَحْسِنْ = (ح س ن) (1) تو نیکی کر
اَحْسَنْتُمْ = (ح س ن) (1) تم نے نیکی کی
اَحْسَنُوْا = (ح س ن) (1) اُنہوں نے نیکی کی

اَحْسِنُوْا=(ح س ن)(1) تم احسان کرو

اَحَسُّوْا=(ح س س)(1) انہوں نے محسوس کیا

اُحْشُرُوْا=(ح ش ر)(ن)تم جمع کرو

اَحْصٰی=(ح ص ر)(1) اُس نے گن لیا

اُحْصِرْتُمْ=(ح ص ر)(1) تم محاصرہ کیے گئے ۔تم روکے گئے

اُحْصِرُوْا=(ح ص ر)(1) وہ روکے گئے

اُحْصُرُوْا=(ح ص ر)(ن ۔ض)اُن کو روکو/قید کرو

اُحْصِنَّ=(ح ص ن)(1) وہ نکاح میں لائی گئیں

اَحْصَنَتْ=(ح ص ن)(1) اُس (عورت) نے پاکدامنی اختیار کی

اَحْصُوْا=(ح ص ی)(1) تم گنو/یاد رکھو

اَحْصَیْنَا=(ح ص ی)(1) ہم نے شمار کرلیا

اَحْضَرَتْ=(ح ض ر)(1) اُس نے حاضر کیا/وہ لائی

اُحْضِرَتْ=(ح ض ر)(1) وہ حاضر کی گئی

اَحَطْتُ=(ح و ط) (1) میں نے احاطہ کیا

اَحَطْنَا=(ح و ط)(1)ہم نے احاطہ کیا

اِحْفَظُوْا=(ح ف ظ)(س)تم حفاظت کرو

اَحَقُّ=(ح ق ق) زیادہ حق دار

اَحْقَابًا=(ح ق ب)بے انتہا زمانے

اَحْقَاف=(ح ق ف)ریت کے بلند ٹیلے۔ قوم عاد کا علاقہ

اَحْکَمُ=(ح ک م)بہتر فیصلہ کرنے والا

اَحْکُمُ=(ح ک م)میں حکم دوں گا

اُحْکُمْ=(ح ک م)تو حکم دے/فیصلہ کر

اُحْکِمَتْ=(ح ک م)(1) مضبوط کی گئی

اَحَلَّ=(ح ل ل)(1) اُس نے حلال کیا

اُحِلَّ=(ح ل ل)(1)میں حلال کروں

اَحْلَامٌ=(ح ل م)خواب ۔خیالات ۔عقلیں

اُحِلَّتْ=(ح ل ل)(1) وہ حلال کی گئی

اُحْلُلْ=(ح ل ل)(ن)تو کھول دے

اَحْلَلْنَا=(ح ل ل)(1) ہم نے حلال کردیا

اَحَلَّنَا=(ح ل ل)(1) اُس نے ہمیں اُتارا

اَحَلُّوْا=(ح ل ل)(1)اُنہوں نے اُتارا

اَحْمَالِ=(ح م ل)بوجھ۔حمل (جمع)

اَحْمَدُ=(ح م د)حضرت محمد ﷺ کا نام

اِحْمِلْ=(ح م ل)(ض)تو اُٹھا

اَحْمِلُ=(ح م ل)(ض)میں اُٹھاتا ہوں

اَحْوٰی=(ح و ی) گہرا سیاہ

اَحْیَا=(ح ی ی)(1) وہ زندہ کرتا ہے

اُحْيِ=(ح ی ی)(1) میں زندہ کرتا ہوں

اَحْيَآءٌ=(ح ی ی) زندہ لوگ

اُحِيطَ=(ح و ط)(1) اُسے گھیر لیا گیا

اَحْيَيْتَنَا=(ح ی ی)(1) تو نے ہم کو زندہ کیا

اَحْيَيْنَا=(ح ی ی)(1) ہم نے زندہ کیا

## ءخ

اَخٌ=(ء خ و) بھائی

اَخَافُ=(خ و ف)(س) میں ڈرتا ہوں

اُخَالِفَكُمْ=(خ ل ف)(3) میں تمہاری مخالفت کروں

اَخْبَارَ=(خ ب ر) خبریں

اَخْبَتُوْا=(خ ب ت)(1) انہوں نے عاجزی کی

اُخْتٌ=(ء خ و) بہن

اِخْتَارَ=(خ ی ر)(7) اس نے چن لیا

اِخْتَرْتُكَ=(خ ی ر)(7) میں نے تجھے چن لیا

اِخْتَرْنَا=(خ ی ر) ہم نے چن لیا

اِخْتَصَمُوْا=(خ ص م)(7) انہوں نے جھگڑا کیا

اِخْتِلَافٌ=(خ ل ف)(7) اختلاف باری باری آنا۔ مختلف ہونا

اِخْتِلَاقٌ=(خ ل ق)(7) گھڑی ہوئی چیز۔ بہتان

اِخْتَلَطَ=(خ ل ط)(7) وہ رل مل گیا

اِخْتَلَفَ=(خ ل ف)(7) اُس نے اختلاف کیا

اُخْتُلِفَ=(خ ل ف)(7) اختلاف کیا گیا

اِخْتَلَفْتُمْ=(خ ل ف)(7) تم نے اختلاف کیا

اِخْتَلَفُوْا=(خ ل ف)(7) انہوں نے اختلاف کیا

اَخْدَانٌ=(خ د ن) آشنا (جمع)

اُخْدُوْدِ=(خ د د) خندق۔ کھائی

اَخَذْتُ=(ء خ ذ)(ن) میں نے پکڑا

اَخْذَةً=(ء خ ذ)(ن) پکڑ۔ گرفت

اُخِذُوْا=(ء خ ذ)(ن) وہ پکڑے گئے

اُخَرَ=(ء خ ر) دوسری۔ دوسرے (جمع)

اَخَّرَ=(ء خ ر)(2) اس نے دیر کی۔ پیچھے چھوڑا

اِخْرَاجًا=(خ ر ج) نکالنا

اُخْرٰى=(ء خ ر) دوسری

اَخَّرَتْ=(ء خ ر)(2) اس مونث نے دیر

کی۔ پیچھے چھوڑا
اَخَّرْتَ=(ء خ ر)(2) تو نے مہلت دی
اَخَّرْتَنِ=(ء خ ر)(2) تو نے مجھے مہلت دی
اَخَّرْتَنِی=(ء خ ر)(2) تو نے مجھے مہلت دی
اَخْرَجَ=(خ ر ج)(1) اس نے نکالا
اَخْرِجْ=(خ ر ج)(1) تو نکال
اُخْرُجْ=(خ ر ج)(ن) تو نکل جا
اُخْرَجُ=(خ ر ج)(1) میں نکالا جاؤں
اَخْرَجَتْ=(خ ر ج)(1) اُس (مونث) نے نکالا
اُخْرِجَتْ=(خ ر ج)(1) وہ نکالی گئی
اُخْرِجْتُمْ=(خ ر ج)(1) تم نکالے گئے
اَخْرَجْنَا=(خ ر ج)(1) ہم نے نکالا
اَخْرِجْنَا=(خ ر ج)(1) تو نکال ہم کو
اُخْرِجْنَا=(خ ر ج)(1) ہم نکالے گئے
اَخْرِجُوْا=(خ ر ج)(1) تم نکالو
اُخْرِجُوْا=(خ ر ج)(1) وہ نکالے گئے
اُخْرُجُوْا=(خ ر ج)(ن) تم نکلو
اَخْرَجُوْا=(خ ر ج)(1) انہوں نے نکالا
اَخَّرْنَا=(ء خ ر)(2) ہم نے روکے رکھا
اَخِّرْنَا=(ء خ ر)(2) تو ہم کو مہلت دے
اَخْزٰی=(خ ز ی) زیادہ ذلیل کرنے والا

اَخْزَيْتَهٗ=(خ ز ی)(1) تو نے اُسے ذلیل کیا
اَلْخٰسِرُوْنَ=(خ س ر) بہت خسارہ پانے والے
اَلْخٰسِرِيْنَ=(خ س ر) بہت خسارہ پانے والے
اِخْسَئُوْا=(خ س ء)(ف) تم پھٹکارے ہوئے رہو
اِخْشَوْا=(خ ش ی) تم ڈرو
اَخْضَرِ=(خ ض ر) ہرا۔ سبز
اَخْطَاْتُمْ=(خ ط ء)(1) ہم نے خطا کی
اَخْطَاْنَا=(خ ط ء)(1) ہم نے خطا کی
اَخْفٰی=(خ ف ی) زیادہ پوشیدہ
اِخْفِضْ=(خ ف ض)(ح) تو پست کر۔ تو جھکا دے
اُخْفِیَ=(خ ف ی)(1) وہ چھپایا گیا
اَخْفَيْتُمْ=(خ ف ی)(1) تم نے چھپایا
اُخْفِيْهَا=(خ ف ی)(1) میں اسے چھپاتا ہوں
اَخِلَّآءُ=(خ ل ل) دوست (جمع)
اَخْلَدَ=(خ ل د)(1) وہ ہمیشہ رہا
اَخْلَصْنٰهُمْ (خ ل ص)(1) ہم نے اُن کو

خالص کرلیا

اَخْلَصُوْا=(خ ل ص)(1) انہوں نے خالص کیا

اِخْلَعْ=(خ ل ع)(ف) تو اُتار

اَخْلَفْتُمْ=(خ ل ف)(1) تم نے خلاف کیا

اَخْلَفْتُ=(خ ل ف)(1) میں نے وعدہ خلافی کی

اَخْلَفْنَا=(خ ل ف)(1) ہم نے وعدہ خلافی کی

اُخْلُفْنِیْ=(خ ل ف)(ن) تو میرا خلیفہ رہ

اَخْلَفُوْا=(خ ل ف) اُنہوں نے خلاف کیا

اَخْلُقُ=(خ ل ق)(ن) میں پیدا کرتا ہوں

اَخُنْهُ=(خ و ن)(ن) میں نے خیانت کی اُس سے

اَخْوَالٌ=(خ و ل) ماموں (جمع)

اِخْوَانٌ=(ء خ و) بھائی (جمع)

اِخْوَةٌ=(ء خ و) بھائی جمع

اَخْیَارٌ=(خ ی ر) نیک لوگ

د

اِدّٰرَكَ=(د ر ک)(3) وہ ختم ہوا رہے بس ہوا رمختلف ہوا

اِدّٰرَكُوْا=(د ر ک)(3) وہ ملیں گے رگریں گے رجمع ہوں گے

اِدّٰرَءْتُمْ=(د ر ء)(3) تم نے اختلاف کیا

اَدَاءٌ=(ء د ی) ادا کرنا

اَدْبَارَ=(د ب ر) پیٹھیں

اَدْبَرَ=(د ب ر)(1) اُس نے پیٹھ پھیری

اَدْخِلْ=(د خ ل)(1) تو داخل کر

اُدْخِلَ=(د خ ل)(1) وہ داخل کیا گیا

اُدْخُلْ=(د خ ل)(ن) تو داخل ہو

اُدْخُلَا=(د خ ل)(ن) تم دونوں داخل ہو

اُدْخِلُوْا=(د خ ل)(ن) وہ سب داخل کیے گئے

اُدْخُلُوْا=(د خ ل)(ن) تم سب داخل ہو

اَدْخِلُوْا=(د خ ل) (1) تم داخل کرو

اَدْرِ=(د ر ی)(ن) میں جانتا ہوں

اَدْرٰكَ=(د ر ی)(1) اُس نے تجھے آگاہ کیا

اِدْرَءُوْا=(د ر ء)(ف) تم ہٹاؤ۔ دُور کرو

اَدْرِیْ=(د ر ی)(ض) میں جانتا ہوں

اِدْرِیْسَ=(د ر س) حضرت ادریس علیہ السلام

اُدْعُ=(د ع و)(ن) تو دعا کر

اُدْعُوْا=(د ع و)(ن) تم بلاؤ

اَدْعُوْا=(د ع و)(ن) میں بلاتا ہوں

دَعَوْتُمْ=(د ع و)(ن) تم پکارو

اَدْعِيَاءَ كُمْ=(دع ی)تمہارے منہ بولے بیٹے

اِدْفَعْ=(دف ع)(ف)تو دفع کر/دُور کر

اِدْفَعُوْا=(دف ع)(ف)تم دفع کرو

اِدَّكَرَ=(ذک ر)(7) اُسے یاد آیا

اَدْلٰی=(دل ی)(1) اُس نے ڈالا

اَدُلُّ=(دل ل)(ن)میں بتاتا ہوں

اَدْنٰی=(دن ی)حقیر۔گھٹیا

اَدُّوْا=(ءدی)(2) تم ادا کرو/حوالے کرو

اَدْهٰی=(دھ ی)بہت سخت۔سخت آفت

## ءذ

اَذًی=(ءذی)گندگی۔تکلیف

اَذًی=(ءذی)ایذا

اَذَاعُوْا=(ذی ع)(1) وہ پھیلا دیتے ہیں

اَذَاقَ=(ذوق)(1) اُس نے چکھانا

اَذَانٌ=(ءذن)پکارنا۔اعلان کرنا

اَذْبَحُكَ=(ذب ح)(ف)میں تجھے ذبح کرتا ہوں

اَذْبَحَنَّهٗ=(ذب ح)(ف)میں ضرور اُسے ذبح کروں گا

اَذْقَانِ=(ذق ن)ٹھوڑیاں

اَذَقْنَا=(ذوق)(1)ہم نے چکھایا

اُذْكُرْ=(ذک ر)(1) تو یاد کر

اَذْكُرْ=(ذک ر)(ن)میں یاد کروں گا

اُذْكُرُوْا=(ذک ر)(ن)تم یاد کرو

اَذَلَّ=(ذل ل)بہت ذلت والا/روالے

اَذِلَّةٌ=(ذل ل)بے سروسامان۔کمزور(جمع)

اَذَلِّيْنَ=(ذل ل)بہت ذلیل

اَذَّنَ=(ءذن)(2) اُس نے پکارا

اَذِّنْ=(ءذن)(2) تو پکار/اعلان کر

اَذِنْتَ=(ءذن)(س)تو نے اجازت دی

اَذِنَتْ=(ءذن)(س)اُس(مونث)نے کان رکھے۔اُس نے حکم سنا

اَذْهَبَ=(ذھب)(1) اُس نے دور کیا

اِذْهَبْ=(ذھب)(ف)تو جا

اِذْهَبَا=(ذھب)(ف)تم دونوں جاؤ

اَذْهَبْتُمْ=(ذھب)(1) تم لے چکے

اِذْهَبُوْا=(ذھب)تم سب جاؤ/لے جاؤ

## ءر

اَرٰی=(رءی) (ف)میں دیکھتا ہوں

اَرَادَ=(رود)(1) اُس نے چاہا

اَرَادَا=(رود)(1) اُن دونوں نے چاہا/ارادہ کیا

اَرَادُوْا=(رود) (1) اُنہوں نے ارادہ کیا

اَرَاذِلُ=(رذل) بڑے ذلیل لوگ

اَرَائِكِ=(ءرک) بہت سے تخت

اَرْبٰی=(ربو) زیادہ بڑھی ہوئی

اَرْبَابٌ=(ربب) رب (جمع)

اِرْبَةِ=(ءرب) حاجت۔غرض

اَرْبَعَةٌ=(ربع) چار

اَرْبَعِيْنَ=(ربع) چالیس (40)

اِرْتَابَ=(ریب)(7) وہ شک میں پڑا

اِرْتَابَتْ=(ریب)(7) وہ شک میں پڑی

اِرْتَابُوْا=(ریب)(7) وہ شک میں پڑے

اِرْتَبْتُمْ=(ریب)(7) تم شک میں پڑے

اِرْتَدَّ=(ردد)(7) وہ لوٹ گیا۔وہ مرتد ہو گیا

اِرْتَدَّا=(ردد)(7) وہ دونوں لوٹ آئے

اِرْتَدُّوْا=(ردد)(7) وہ پھر گئے

اِرْتَضٰی=(رضی)(7) اُس نے پسند کیا

اِرْتَقِبْ=(رقب)(7) تو انتظار کر

اِرْتَقِبُوْا=(رقب)(7) تم انتظار کرو

اَرْجَآءِ هَا=(رجو) اُس کے کنارے

اَرْجِعُ=(رجع)(ض) میں واپس لوٹتا ہوں

اِرْجِعْ=(رجع)(ض) تو واپس لوٹ

اِرْجِعُوْا=(رجع)(ض) تم واپس لوٹو

اِرْجِعِیْ=(رجع)(ض) تو (مؤنث) واپس لوٹ

اَرْجُلٌ=(رجل) پاؤں (جمع)

اَرْجُمَنَّكَ=(رجم)(ن) میں ضرور تجھے سنگسار کروں گا

اَرْجُوْا=(رجو)(ن) تم امید رکھو۔تم ڈرو

اَرْجِهْ=(رجو)(1) تو اسے مہلت دے

اَرْحَامٌ=(رحم) رشتہ داری (جمع)

اَرْحَمُ=(رحم) بڑا رحم کرنے والا

اِرْحَمْ=(رحم)(س) تو رحم کر

اَرْدٰكُمْ=(ردی)(1) اس نے تمھیں برباد کیا

اَرَدْتُّ=(رود)(1) میں نے ارادہ کیا

اَرَدْتُّمْ=(رود) تم نے ارادہ کیا

اَرَدْنَ=(رود) اُن (عورتوں) نے چاہا

اَرَدْنَا=(رود)(1) ہم نے ارادہ کیا

اَرْذَلِ=(رذل) بہت خراب۔بہت نکما

اَرْذَلُوْنَ=(رذل) ذلیل لوگ

اُرْزُقْ=(رزق)(ن) تو رزق دے

اَرْسٰهَا=(رسی)(1) اُس نے اُس کو گاڑ دیا

اَرْسَلَ=(رسل)(1) اُس نے بھیجا

اَرْسِلْ=(رسل)(1) تو بھیج

اُرْسِلَ=(رسل)(1) وہ بھیجا گیا

اَرْسَلْتَ=(رس ل)(1)تو نے بھیجا
اُرْسِلْتُ=(رس ل)(1)مجھے بھیجا گیا
اُرْسِلْتُمْ=(رس ل)(1)تم بھیجے گئے
اَرْسَلْنَا=(رس ل)(1)ہم نے بھیجا
اُرْسِلْنَا=(رس ل)(1)ہم بھیجے گئے
اَرْسَلُوْا=(رس ل)(1)انہوں نے بھیجا
اُرْسِلُوْا=(رس ل)(1)وہ بھیجے گئے
اِرْصَادًا=(رص د)گھات لگانا
اَرْضَعَتْ=(رض ع)(1)اُس عورت نے دودھ پلایا
اَرْضَعْنَ=(رض ع)(1)اُن عورتوں نے دودھ پلایا
اَرْضِعِيْهِ=(رض ع)(1) تو(عورت) اسے دودھ پلا
اِرْعَوْا=(رع ی)(ف) تم چراؤ۔تم کھلاؤ
اِرْغَبْ=(رغ ب)(س)تو رغبت کر۔دل لگا
اِرْكَبْ=(رک ب)(س)تو سوار ہو
اِرْكَبُوْا=(رک ب) (س)تم سب سوار ہو
اُرْكِسُوْا=(رک س)(1) اُن کو اُلٹا پھیرا گیا
اَرْكَسَهُمْ=(رک س)(ن)اُس نے اُن کو اُلٹا پھیر دیا
اُرْكُضْ=(رک ض)(ن)تو پاؤں مار
اِرْكَعُوْا=(رک ع)(ف)تم رکوع کرو
اِرْكَعِيْ=(رک ع)(ف)تو عورت رکوع کر
اَرِنَا=(رءی)(1)تو دکھا ہم کو
اَرُوْنِيْ=(رءی)(1)تم دکھاؤ مجھے
اِرْهَبُوْنِ=(رھ ب)(س)تم سب ڈرو مجھ سے
اُرْهِقُهٗ=(رھ ق)(1)میں اُسے چڑھاؤں گا
اُرِيْدَ=(رود)(1)میں چاہتا ہوں
اُرِيْدُ=(رود)(1)میں چاہتا ہوں
اَرَيْنَا=(رءی)(1)ہم نے دکھایا

## ء ز

اَزَاغَ=(زی غ)(1)اُس نے ٹیڑھا کر دیا
اِزْدَادُوْا=(زی د)(7)وہ زیادہ ہوئے
اُزْدُجِرَ=(زج ر)(7)اُسے ڈانٹا گیا
اَزِفَتِ=(ءزف)(س)وہ قریب آ گئی
اَزْكٰى=(زک ی)بہت پاکیزہ،ستھرا
اَزْلَامُ=(زل م)تیر(جمع)
اُزْلِفَتْ=(زل ف)(1)وہ قریب کی گئی
اَزْلَفْنَا=(زل ف)(1)ہم نے قریب کر دیا
اَزَلَّهُمَا=(زل ل)(1)اُس نے دونوں کو ورغلایا
اَزْوَاجٌ=(زوج) بیویاں۔جوڑے

اَزِیْدَ=(زی د)(ض) میں زیادہ دوں

اَزِیْــدَنَّ=(زی د)(ض) میں ضرور زیادہ دوں گا

اِزَّیَّنَتْ=(زی ن) وہ خوب زینت والی ہوئی

اُزَیِّــنَــنَّ=(زی ن)(2) میں ضرور آراستہ کروں گا

## س

اُسْرٰی=(ء س ر) قیدی (جمع)

اَلسَّارِقُ=(س ر ق) چور مرد

اَلسَّارِقَةُ=(س ر ق) چور عورت

اَسَاطِیْرُ=(س ط ر) کہانیاں

اَسَاوِرَ=(س و ر) کنگن (جمع)

اَسَآءَ=(س و ء)(1) اُس نے برائی کی

اَسَآءُ وْا=(س و ء)(1) اُنہوں نے برائی کی

اَسْبَــابُ=(س ب ب) راستے۔ تعلقات سیڑھیاں

اَسْبَاطِ=(س ب ط) اولاد۔ اولاد یعقوب علیہ السلام

اَسْبَغَ=(س ب غ)(1) اُس نے پورا کیا

اِسْتِبْدَالَ=(ب د ل)(9) بدل لینا

اِسْتَبْرَقُ=(ب ر ق) موٹا ریشمی کپڑا

اِسْتَبْشِرُوْا (ب ش ر)(9) تم خوشیاں مناؤ

اِسْتَبَقَا=(س ب ق)(7) وہ دونوں دوڑے

اِسْتَبَقُوْا=(س ب ق)(7) وہ دوڑے

اِسْتَبِقُوْا=(س ب ق)(7) تم دوڑو

اِسْتَجَابَ (ج و ب)(9) اس نے قبول کیا

اِسْتَجَابُوْا (ج و ب)(9) انہوں نے قبول کیا

اِسْتَــجَــارَكَ=(ج و ر)(9) اُس نے تجھ سے پناہ مانگی

اَسْتَجِبْ=(ج و ب)(9) میں قبول کروں گا

اِسْتَجَبْتُمْ (ج و ب)(9) تم نے کہنا مان لیا

اِسْتَجَبْنَا=(ج و ب)(9) ہم نے دعا قبول کی

اُسْتُجِیْبَ (ج و ب)(9) وہ قبول کیا گیا

اِسْتَــجِیْبُــوْا (ج و ب)(9) تم قبول کرو۔ تم مان لو

اِسْتَــحَبُّوْا=(ح ب ب)(9) انہوں نے پسند کیا

اُسْتُحْفِظُوْا (ح ف ظ)(9) وہ نگہبان بنائے گئے

اِسْتَحَقَّ=(ح ق ق)(9) وہ حق دار ہوا

اِسْتَــحَقَّا=(ح ق ق)(9) وہ دونوں حق دار ہوئے

اِسْتَحْوَذَ=(ح و ذ)(9) وہ غالب آیا

اِسْتِــحْیَــاءٍ=(ح ی ی)(9) حیا کرتے ر شرماتے ہوئے

اِسْتَحْيُوْا=(ح ی ی)(9)تم زندہ رہنے دو
اِسْتَخْرَجَهَا= (خ ر ج)(9) اُس نے اُسے نکال لیا
اِسْتَخَفَّ=(خ ف ف)(9)اس نے مغلوب کردیا
اَسْتَخْلِصْهُ (خ ل ص)(9) میں اس کو مخصوص کرلوں
اِسْتَخْلَفَ (خ ل ف)(9) اس نے خلیفہ بنایا
اِسْتَرَقَ=(س ر ق)(7) اُس نے چرالیا
اِسْتَرْهَبُوْا (رھ ب)(9)اُنھوں نے ڈرایا
اِسْتَزَلَّ=(ز ل ل)(9)اس نے ڈگمگادیا
اِسْتَسْقٰى (س ق ی)(9)اُس نے پانی مانگا
اِسْتَشْهِدُوْا=( ش ھ د)(9)تم گواہی طلب کرو
اُسْتُضْعِفُوْا (ض ع ف)(9)وہ کمزور سمجھے گئے
اِسْتَضْعَفُوْنِيْ(ض ع ف)(9)اُنھوں نے مجھے کمزور سمجھا
اِسْتَطَاعَ =(ط و ع)(9)وہ طاقت رکھے، کرسکے

اِسْتَطَاعُوْا=(ط و ع)(9)وہ طاقت رکھتے
اِسْتَطَعْتَ=(ط و ع)(9)تو کرسکے
اِسْتَطَعْتُ=(ط و ع)(9)میں کرسکا
اِسْتَطَعْتُمْ=(ط و ع)(9)تم کرسکے
اِسْتَطْعَمَا=(ط ع م)(9)ان دونوں نے کھانا مانگا
اِسْتَطَعْنَا=(ط و ع) (9)ہم کرسکے
اِسْتِعْجَالَهُمْ=(ع ج ل)(9)اُن کا جلدی مچانا
اِسْتَعْجَلْتُمْ=( ع ج ل)(9)تم نے جلدی مچائی
اِسْتَعِذْ=(ع و ذ)(9) تو پناہ مانگ
اِسْتَعْصَمَ=(ع ص م) (9)وہ بچ گیا
اِسْتَعْلٰى=(ع ل و)(9) وہ غالب ہوا
اِسْتَعْمَرَكُمْ=( ع م ر)(9) اس نے تمہیں آباد کیا
اِسْتَعِيْنُوْا=(ع و ن)(9) تم مدد مانگو
اِسْتَغَاثَهُ=(غ و ث)(9) اُس نے فریاد کی
اِسْتَغْشَوْا (غ ش ی)(9) انھوں نے اوڑھ لیے
اِسْتِغْفَارٌ=(غ ف ر)(9) مغفرت، بخشش مانگنا

اِسْتَغْفِرْ=(غ ف ر)(9) تو بخشش مانگ
اِسْتَغْفَرَ=(غ ف ر)(9) اُس نے بخشش مانگی
اَسْتَغْفِرُ=(غ ف ر)(9) میں بخشش مانگتا ہوں
اَسْتَغْفَرْتَ (غ ف ر)(9) خواہ تو نے بخشس مانگی
اَسْتَغْفِرَنَّ=(غ ف ر)(9) میں ضرور بخشش مانگوں گا
اِسْتَغْفَرُوْا=(غ ف ر)(9) انہوں نے بخشس مانگی
اِسْتَغْفِرُوْا=(غ ف ر)(9) تم بخشش مانگو
اِسْتَغْفِرِیْ=(غ ف ر)(9) تو (عورت) بخشس مانگ
اِسْتَغْلَظَ=(غ ل ظ)(9) وہ موٹا ہوا
اِسْتَغْنٰی=(غ ن ی)(9) وہ بے پرواہ/مالدار ہوا
اِسْتَفْتَحُوْا=(ف ت ح)(9) انہوں نے فتح/فیصلہ مانگا
اِسْتَفْتِهِمْ=(ف ت ی)(9) تو اُن سے پوچھ
اِسْتَفْزِزْ=(ف ز ز)(9) تو بہکا دے
اِسْتَقَامُوْا=(ق و م)(9) وہ قائم رہے

اِسْتَقَرَّ=(ق ر ر)(9) وہ ٹھہرا رہا
اِسْتَقِمْ=(ق و م)(9) تو قائم رہ
اِسْتَقِيْمَا=(ق و م)(9) تم دونوں قائم رہو
اِسْتَقِيْمُوْا۔(ق و م)(9) تم سب قائم رہو
اِسْتَكَانُوْا=(ک ی ن)(9) وہ دبے/گڑگڑائے
اِسْتِكْبَارًا=(ک ب ر)(9) غرور سرکشی
اِسْتَكْبَرَ=(ک ب ر)(9) اس نے تکبر کیا
اَسْتَكْبَرْتَ=(ک ب ر)(9) کیا تو نے تکبر کیا
اِسْتَكْبَرْتَ=(ک ب ر)(9) تو نے غرور کیا
اِسْتَكْبَرْتُمْ۔(ک ب ر)(9) تم نے تکبر کیا
اِسْتَكْبَرُوْا=(ک ب ر)(9) انہوں نے تکبر کیا
اِسْتَكْثَرْتُ=(ک ث ر)(9) میں بہت زیادہ لے لیتا
اِسْتَكْثَرْتُمْ=(ک ث ر)(9) تم نے بہت زیادہ لیا
اِسْتَمْتَعَ=(م ت ع)(9) اس نے فائدہ

اُٹھایا

اِسْتَمْتَعْتُمْ = (م ت ع)(9) تم نے فائدہ اُٹھایا

اِسْتَمْتَعُوْا = (م ت ع)(9) انہوں نے فائدہ اُٹھایا

اِسْتَمْسَكَ ۔ (م س ک)(9) اُس نے تھام لیا

اِسْتَمْسِكْ = (م س ک)(9) تو تھام، پکڑ لے

اِسْتَمَعَ = (س م ع)(7) اُس نے سنا

اِسْتَمِعْ = (س م ع)(7) تو سن

اِسْتَمِعُوْا = (س م ع)(7) تم سنو

اِسْتَنْصَرَ = (ن ص ر)(9) اس نے مدد مانگی

اِسْتَنْصَرُوْا (ن ص ر)(9) وہ مدد مانگیں

اِسْتَنْكَفُوْا (ن ک ف)(9) انہوں نے انکار کیا

اِسْتَوٰى = (س و ی)(7) اس نے ارادہ کیا

اِسْتَوَتْ = (س و ی)(7) وہ ٹھہر گئی

اِسْتَوْقَدَ = (و ق د)(9) اس نے آگ جلائی

اِسْتَوَيْتَ = (س و ی)(7) تو سوار ہو جائے

اِسْتَوَيْتُمْ = (س و ی)(7) تم سوار ہو جاؤ

اُسْتُهْزِئَ = (ہ ز ء)(9) اس سے مذاق کیا گیا

اِسْتَهْزِءُوْا (ہ ز ء)(9) تم مذاق اُڑاؤ

اِسْتَهْوَتْهُ = (ھ و ی)(9) اس نے اُسے بھٹکا دیا

اِسْتَاْجَرْتَ = (ء ج ر)(9) تو نے اُجرت پر نوکر رکھا

اِسْتَاْجِرْهُ = (ء ج ر)(9) تو اسے نوکر رکھ لے

اِسْتَاْذَنَ = (ء ذ ن)(9) اس نے اجازت مانگی

اِسْتَاْذِنُوْا = (ء ذ ن)(9) تم اجازت مانگو

اِسْتَاْذَنُوْا = (ء ذ ن)(9) انہوں نے اجازت مانگی

اِسْتَيْسَرَ = (ی س ر)(9) وہ آسان ہوا

اِسْتَيْقَنَتْ = (ی ق ن)(9) اس نے یقین کر لیا

اِسْتَيْئَسَ = (ی ء س)(9) وہ مایوس ہوا

اِسْتَيْئَسُوْا = (ی ء س)(9) وہ مایوس ہوئے

اَسْجُدَ = (س ج د)(ن) میں سجدہ کروں

اَسْجُدُ = (س ج د)(ن) میں سجدہ کرتا ہوں

اُسْجُدْ = (س ج د)(ن) تو سجدہ کر

اُسْجُدُوْا = (س ج د)(ن) تم سجدہ کرو

اُسْجُدِیْ=(س ج د)(ن)تو عورت سجدہ کر

اَسْحَار=(س ح ر)صبح کے اوقات

اَسْخَطَ=(س خ ط) (1) اس نے ناراض کیا

اَسَرَّ=(س ر ر)(1) اُس نے آہستہ بات کی۔اس نے چھپایا

اَسْرِ=(س ر ی)(1)تو رات کے وقت لے کر چل

اَسْرٰی=(س ر ی)(1)وہ رات کو لے کر گیا

اَسْرٰی=(ء س ر)قیدی (جمع)

اِسْرَارٌ=(س ر ر)چھپا کر کہنا

اِسْرَافًا=(س ر ف)فضول خرچی

اِسْرَافَنَا=(س ر ف)ہماری زیادتی

اُسَرِّحْکُنَّ=(س ر ح)(2)میں تمہیں رخصت کر دوں

اَسْرَرْتُ=(س ر ر)(1)میں نے چھپا کر کہا

اَسْرَعُ=(س ر ع)بہت جلدی کرنے والا

اَسْرَفَ=(س ر ف)(1)وہ حد سے گزر گیا

اَسْرَفُوْا=(س ر ف)(1)انہوں نے زیادتی کی

اَسَرُّ=(س ر ر)(1)اُس نے چھپا کر کہا

اَسَرُّوْا=(س ر ر)(1)انہوں نے چھپا کر کہا

اَسِرُّوْا=(س ر ر)(1)تم چھپا کر کہو

اَسَّسَ=(ء س س)(2)اُس نے بنیاد رکھی

اُسِّسَ=(ء س س)(2)اُس کی بنیاد رکھی گئی

اِسْطَاعُوْا (ط و ع)وہ کر سکے

اِسْعَوْا=(س ع ی)(ف)تم دوڑو

اَسَفٰی=(ء س ف)افسوس

اَسْفَارًا=(س ف ر)کتابیں

اَسْفَارِ=(س ف ر)ہمارے سفر (جمع)

اَسْفَرَ=(س ف ر)(1) وہ روشن ہوا

اَسْفَلَ=(س ف ل)سب سے نیچا

اَسْفَلِیْنَ=(س ف ل)سب سے نیچے لو

اَسْقِطْ=(س ق ط)(1)تو گرا دے؟

اَسْقَیْنٰکُمْ۔(س ق ی)(1)ہم نے تمہیں پلایا

اَسْقَیْنٰکُمُوْہُ۔(س ق ی)(1)ہم نے تمہیں وہ پانی پلایا

اُسْكُنْ ۔(س ک ن)(ن) تو رہ

اَسْكَنّٰهُ=(س ک ن)(1) ہم نے اُسے ٹھہرایا

اَسْكَنْتُ=(س ک ن)(1) میں نے بسایا

اُسْكُنُوا=(س ک ن)(ن) تم رہو

اَسْكِنُوْهُنَّ (س ک ن)(1) تم ان عورتوں کو بساؤ

اِسْلَامَ=(س ل م) دین اسلام۔فرماں برداری

اَسْلِحَةَ=(س ل ح) اسلحہ۔ہتھیار

اَسْلَفَتْ=(س ل ف)(1) اس نے آگے بھیجا۔وہ پہلے گزر چکی

اَسْلَفْتُمْ=(س ل ف)(1) تم آگے بھیج چکے

اُسْلُكْ=(س ل ک)(ن) تو داخل کر۔تو ڈال

اُسْلُكُوْهُ=(س ل ک)(ن) تم اسے داخل کرو۔جکڑو

اُسْلُكِيْ=(س ل ک)(ن) تو (مونث) چل

اَسْلَمَ=(س ل م)(1) وہ اسلام لایا۔وہ فرماں بردار

اَسْلِمْ=(س ل م)(1) تو اسلام لا۔تو جھک ہوا

اُسْلِمَ=(س ل م)(1) میں جھکتا ہوں

اَسْلَمَا=(س ل م)(1) اُن دونوں نے حکم مانا

اَسْلَمْتُ=(س ل م)(1) میں اسلام لایا۔جھکا

اَسْلَمْتُمْ=(س ل م)(1) تم اسلام لائے۔فرماں بردار ہوئے

اَسْلَمْنَا=(س ل م)(1) ہم مسلمان ہوئے

اَسْلَمُوْا=(س ل م)(1) وہ مسلمان ہوئے

اَسْلِمُوْا=(س ل م)(1) تم اسلام لاؤ

اَسَلْنَا=(س ی ل)(1) ہم نے بہادیا

اِسْمٌ=(س م و)(1) نام

اَسْمَآءُ=(س م و) نام (جمع)

اَسْمَعُ=(س م ع)(س) میں سنتا ہوں

اَسْمِعْ=(س م ع) وہ کیا خوب سننے والے ہوں گے

اِسْمَعْ=(س م ع)(س) تو سن

اِسْمَعُوْا=(س م ع)(س) تم سنو

اَسْمَعَ=(س م ع)(1) اس نے سنایا

اَسْوَاقٌ=(س و ق) بازار (جمع)

اُسْوَةٌ=(ء س و) نمونہ

اَسْوَدِ=(س ود) سیاہ۔کالا

اِسْوَدَّتْ=(س ود) وہ سیاہ ہوگئی

اَسْوِرَۃٌ=(س ور) کنگن (جمع)

اَسْوَاَ=(س وء) سب سے برا

اَسَاْتُمْ=(س وء)(1) تم نے برائی کی

اِسْئَلْ=(س ء ل)(ف) تو پوچھ

اَسْئَلَ=(س ء ل)(ف) میں سوال کروں

اَسْئَلُ=(س ء ل)(ف) میں پوچھتا ہوں

اِسْئَلُوْا=(س ء ل)(ف) تم پوچھو

اَسِیْرًا=(ء س ر) قیدی

## ش

اَشَارَتْ=(ش ور)(1) اُس عورت نے اشارہ کیا

اَشَاءُ=(ش ی ء)(ف) میں چاہتا ہوں

اَشْتَاتًا=(ش ت ت) الگ الگ

اِشْتَدَّتْ=(ش دد)(7) وہ سخت ہوگئی

اِشْتَرٰی=(ش ری)(7) اس نے خریدا

اِشْتَرَوْا=(ش ری)(7) انہوں نے بیچا/خریدا

اِشْتَعَلَ=(ش ع ل)(7) اس نے شعلہ مارا

اِشْتَمَلَتْ (ش م ل)(7) وہ شامل ہوئی

اِشْتَهَتْ=(ش ہ و)(7) اس نے خواہش کی

اَشِحَّۃً=(ش ح ح) کنجوس حریص

اَشَدُّ=(ش دد) بہت سخت

اَشِدَّاءُ=(ش دد) سخت تیز (جمع)

اُشْدُدْ=(ش دد)(ن ص) تو سخت کردے

اَشُدَّ=(ش دد) اس کی جوانی

اَشَرُّ=(ش رر) بہت شریر برا

اَشْرَارُ=(ش رر) برے لوگ

اَشْرَاطُ=(ش رط) نشانیاں

اِشْرَاقِ=(ش رق) روشن ہونا۔صبح کا وقت

اِشْرَبُوْا=(ش رب)(س) تم پیو

اُشْرِبُوْا=(ش رب)(1) وہ پلائے گئے

اِشْرَبِیْ=(ش رب)(س) تو (عورت) پی

اِشْرَحْ=(ش رح)(ف) تو کھول دے

اَشْرَقَتِ=(ش رق)(1) وہ روشن ہوگئی

اَشْرَكَ=(ش رک)(1) اُس نے شرک کیا

اُشْرِكُ=(ش رک)(1) میں شرک کرتا ہوں

اَشْرَكْتَ=(ش رک)(1) تو نے شرک کیا

اَشْرَكْتُمْ=(ش رک)(1) تم نے شرک کیا

اَشْرَكْنَا=(ش رک)(1) ہم نے شرک کیا

اَشْرَكُوْا=(ش رک)(1) انہوں نے شرک

کیا

اَشْرِكْهُ=(ش ر ک)(1)تو اُسے شریک کر

اَشْعَارِهَا=(ش ع ر) اُن کے بال

اَشْفَقْتُمْ=(ش ف ق)(1)تم ڈر گئے

اَشْفَقْنَ=(ش ف ق)(1)وہ ڈر گئیں

اَشَقُّ=(ش ف ق) بہت سخت

اَشُقَّ=(ش ف ق)(ن) میں تکلیف مشقت دوں

اَشْقٰى=(ش ق ی) بڑا بد بخت

اَشْكُرُ=(ش ک ر)(ن) میں شکر کرتا ہوں

اُشْكُرْ=(ش ک ر)(ن) تو شکر کر

اُشْكُرُوْا=(ش ک ر)(ن) تم شکر کرو

اَشْكُوْا=(ش ک و)(ن) میں شکوہ کرتا ہوں

اِشْمَاَزَّتْ (ش م ء ز)(11) وہ تنگ ہوتی ہے۔ اس نے نفرت کی

اَشْهَادُ=(ش ھ د) گواہ (جمع)

اَشْهَدُ=(ش ھ د)(س ک) میں گواہی دیتا ہوں

اُشْهِدُ=(ش ھ د)(1) میں گواہ بناتا ہوں

اِشْهَدْ=(ش ھ د) تو گواہ رہ

اَشْهَدْتُّهُمْ (ش ھ د)(1) میں نے اُن کو گواہ بنایا

اَشْهِدُوْا=(ش ھ د)(1) تم گواہ بنالو

اِشْهَدُوْا=(ش ھ د)(س ک) تم گواہی دو

اَشْهَدَهُمْ=(ش ھ د)(1) اس نے اُن کو گواہ بنایا

اَشْهُرٌ=(ش ھ د) مہینے

اَشْيَاعَكُمْ (ش ی ع) تمہارے ساتھی

اَشْيَآءَ=(ش ء ی) چیزیں

## ص 1

اَصَابَ=(ص و ب)(1) اس نے پہنچایا

اَصَابَتْ=(ص و ب)(1) وہ پہنچی

اَصَابِعَ=(ص ب ع) انگلیاں

اَصْبُ=(ص و ب)(ن) میں جھک جاؤں گا

اِصْبَاحِ=(ص ب ح) صبح

اَصَبْتُمْ=(ص و ب)(1) تم نے پہنچایا

اَصْبَحَ=(ص ب ح)(1) وہ ہو گیا

اَصْبَحَتْ (ص ب ح)(1) وہ ہو گئی

اَصْبَحْتُمْ=(ص ب ح)(1) تم ہو گئے

اَصْبَحُوْا=(ص ب ح)(1) وہ ہو گئے

اِصْبِرْ=(ص ب ر)(1)(ض) تو صبر کر

اِصْبِرُوْا=(ص ب ر)(ض) تم صبر کرو

اَصْبَرَهُمْ =(ص ب ر) وہ کتنے نڈر ہیں

اَصَبْنٰهُمْ =(ص وب)(1) ہم نے اُن کو پکڑ لیا

اَصْحٰبُ =(ص ح ب) دوست۔ والے

اِصْدَعْ =(ص دع)(ف) تو صاف کہہ دے

اَصْدَقُ =(ص دق) زیادہ سچا

اَصَّدَّقَ =(ص دق)(4) میں صدقہ کروں

اَصْرِفُ =(ص رف)(ض) میں پھیر دوں گا

اِصْرِفْ =(ص رف)(ض) تو ہٹا، پھیر دے

اَصَرُّوْا =(ص رر)(1) انہوں نے اصرار کیا

اِصْطَادُوْا (ص ی د)(7) تم شکار کرو

اِصْطَبِرْ =(ص ب ر)(7) تو صبر کر

اَصْطَفٰی =(ص ف ی)(7) کیا اُس نے چن لیا

اِصْطَفٰی =(ص ف ی)(7) اُس نے چن لیا

اِصْطَفَيْتُ (ص ف ی)(7) میں نے چن لیا

اِصْطَفَيْنَا =(ص ف ی)(7) ہم نے چن لیا

اِصْطَفَيْنٰهُ (ص ف ی)(7) ہم نے چن لیا اُس کو

اِصْطَنَعْتُكَ (ص ف ی)(7) میں نے تجھے چن لیا

اَصْغَرَ =(ص غ ر) زیادہ چھوٹا

اَصْفَادِ =(ص ف د) زنجیریں

اَصْفٰكُمْ =(ص ف ی)(1) اُس نے تمہیں پسند کیا

اِصْفَحْ =(ص ف ح)(ف) تو درگزر کر

اِصْفَحُوْا =(ص ف ح)(ف) تم درگزر کرو

اَصْلَابِكُمْ (ص ل ب) تمہاری پیٹھیں

اِصْلَاحٌ =(ص ل ح) صلح کرانا۔ اصلاح کرنا

اُصَلِّبَنَّكُمْ (ص ل ب)(2) میں ضرور تمہیں سولی دوں گا

اَصْلَحَ =(ص ل ح)(1) اس نے اصلاح کی صلح کرادی

اَصْلِحْ =(ص ل ح)(1) تو اصلاح کر

اَصْلَحَا =(ص ل ح)(1) دونوں نے اصلاح کرلی

اَصْلَحْنَا =(ص ل ح)(1) ہم نے اصلاح کردی

اَصْلَحُوْا=(ص ل ح)(1)انہوں نے اصلاح کی

اَصْلِحُوْا=(ص ل ح)(1)تم صلح کرادو

اِصْلَوْهَا=(ص ل ی)تم اس (آگ)میں داخل ہو جاؤ

اُصْلِيْهِ=(ص ل ی)(1)میں اسے آگ میں داخل کروں گا

اَصَمِّ=(ص م م)بہرا

اَصَمَّ=(ص م م)بہرا

اَصْنَامٌ=(ص ن م)بت (جمع)

اِصْنَعْ=(ص ن ع)(ف)تو بنا

اَصْوَاتٌ=(ص و ت)آوازیں

اَصْوَافِ=(ص و ف)اُون (جمع)

اُصُوْلِهَا=(ء ص ل)جڑیں اُس کی

اُصِيْبُ=(ص و ب)(1)میں پہنچاتا ہوں

اَصِيْلًا=(ء ص ل)شام کا وقت

## ض

اَضَاعُوْا=(ض ی ع)(1)انہوں نے ضائع کیا

اَضَآءَ=(ض و ء)(1)اُس نے روشن کیا

اَضَاءَتْ=(ض و ء)(1)اس (عورت) نے روشن کیا

اَضْحَكَ (ض ح ک)(1)وہ ہنساتا ہے

اِضْرِبْ=(ض ر ب)(ض)تو مار

اِضْرِبُوْا=(ض ر ب)(ض)تم مارو

اُضْطُرَّ=(ض ر ر)(7) وہ مجبور ہو گیا

اُضْطُرِرْتُمْ (ض ر ر) (7)تم مجبور کیے گئے

اَضْطَرُّ=(ض ر ر) (7)میں مجبور کروں گا

اَضْعَافًا=(ض ع ف)دوگنا۔کئی گنا

اَضْعَفُ=(ض ع ف)زیادہ کمزور

اَضْغَاثٌ=(ض غ ث)پریشان،پیچیدہ

اَضْغَانَكُمْ (ض غ ن)دشمنیاں تمہاری۔ کینے تمہارے

اَضَلَّ=(ض ل ل)(1)اس نے گمراہ کیا

اَضَلُّ=(ض ل ل)(1)بہت گمراہ

اُضِلُّ=(ض ل ل)(1)میں گمراہ کرتا ہوں

اَضْلَلْتُمْ=(ض ل ل)تم نے گمراہ کیا

اَضْلَلْنَ=(ض ل ل)(1)انہوں (مونث) نے گمراہ کیا

اَضَلُّوْا=(ض ل ل)(1)انہوں نے گمراہ کیا

اُضْمُمْ=(ض م م)(ن)تو ملا لے

اُضِيْعُ=(ض ی ع)(1)میں ضائع کرتا ہوں

## ط ع

اَطَاعَ=(ط و ع)(1)اس نے اطاعت کی

اَطَاعُوْا=(ط و ع)(1)انہوں نے اطاعت کی

اَطْرَافَ=(ط ر ف) کنارے

اِطْرَحُوْهُ=(ط ر ح)(ف)تم ڈال دو اُس کو

اِطْعَامُ=(ط ع م)(1) کھانا کھلانا

اِطْعَامٌ=(ط ع م)(1) کھانا کھلانا

اَطَعْتُمْ=(ط و ع)(1)تم نے اطاعت کی

اَطْعِمُوْا=(ط ع م)(1)تم کھلاؤ

اَطْعَمَهٗ=(ط ع م)(1)اس نے اُسے کھلایا

اَطِعْنَ=(ط و ع)(1)تم (عورتو) اطاعت کرو

اَطَعْنَا=(ط و ع)(1) ہم نے اطاعت کی

اَطَعْنَ=(ط و ع)(1)وہ (عورتیں) اطاعت کرلیں

اَطْغٰى=(ط غ ی)(1) بہت سرکش

اَطْغَيْتُ=(ط غ ی)(1)میں نے اُسے گمراہ/سرکش بنایا

اَطْفَالُ=(ط ف ل) لڑکے

اَطْفَاهَا=(ط ف ء)(1)اُس نے اُسے بجھا دیا

اَطَّلَعَ=(ط ل ع)(7)وہ مطلع ہوا۔اُس نے جھانکا

اِطَّلَعَ=(ط ل ع)(7)وہ جھانکا

اَطَّلِعُ=(ط ل ع)(7)میں جھانکوں

اَطَّلَعْتَ=(ط ل ع)(7)تو مطلع ہوا۔تو نے جھانکا

اِطْمِسْ=(ط م س)(ض۔ن)تو مٹا دے

اَطْمَعُ=(ط م ع)(ف)میں امید/توقع رکھتا ہوں

اِطْمَاَنَّ=(ط م ن)(11)وہ مطمئن ہوگیا

اِطْمَاْنَنْتُمْ (ط م ن)(11) تم اطمینان پاؤ

اِطْمَاَنُّوْا=(ط م ء ن)(11) وہ مطمئن ہوئے

اَطْوَارًا=(ط و ر)طرح طرح سے

اَطْهَرُ=(ط ہ ر)زیادہ پاکیزہ

اِطَّهَّرُوْا=(ط ہ ر)(4)تم خوب پاک کرو

اِطَّيَّرْنَا=(ط ی ر)(4)ہم نے منحوس سمجھا

اَطِيْعُوْا=(ط و ع)(1)تم اطاعت کرو

## ظ ع

اَظْفَرَكُمْ=(ظ ف ر)(1)اس نے تمہیں فتح دی

اَظْلَمُ=(ظ ل م)زیادہ ظالم

اَظُنُّ=(ظ ن ن)(ن) میں گمان کرتا ہوں

اَظْهَرَ=(ظ ه ر)(1) اس نے اُسے ظاہر کیا

## ع

اَعَانَهُ=(ع و ن)(1) اُس نے مدد کی اُس کی

اَعْبُدُ=(ع ب د)(ن) میں عبادت کرتا ہوں

اُعْبُدْ=(ع ب د)(ن) تو عبادت کر

اُعْبُدُوْا=(ع ب د)(ن) تم عبادت کرو

اِعْتَبِرُوْا=(ع ب ر)(7) تم عبرت پکڑو

اِعْتَدٰى=(ع د و)(7) اس نے زیادتی کی

اَعْتَدَتْ=(ع ت د)(1) اس عورت نے تیار کی

اَعْتَدْنَا=(ع ت د)(1) ہم نے تیار کیا

اِعْتَدَوْا=(ع د و)(7) انہوں نے زیادتی کی

اِعْتَدُوْا=(ع د و)(7) تم زیادتی کرو

اِعْتَدَيْنَا=(ع د و)(7) ہم نے زیادتی کی

اِعْتَرٰىكَ=(ع ر و)(7) اس نے تجھے آسیب پہنچایا

اِعْتَزَلْتُمُوْهُمْ (ع ز ل)(7) تم الگ ہوئے اُن سے

اَعْتَزِلُ=(ع ز ل)(7) میں الگ ہوتا ہوں

اِعْتَزِلُوْا=(ع ز ل)(7) تم الگ ہو جاؤ

اِعْتَزَلُوْا=(ع ز ل)(7) وہ الگ ہوئے

اِعْتَزَلَ=(ع ز ل)(7) وہ الگ ہوا

اِعْتَصَمُوْا (ع ص م)(7) انہوں نے مضبوطی سے پکڑا

اِعْتَصِمُوْا (ع ص م)(7) تم مضبوطی سے پکڑو

اِعْتِلُوْهُ=(ع ت ل)(ض۔ن) تم اسے گھسیٹ کر لے جاؤ

اِعْتَمَرَ=(ع م ر)(7) اس نے عمرہ کیا

اَعْثَرْنَا=(ع ث ر)(1) ہم نے بتا دیا

اَعْجَازُ=(ع ج ز) (درختوں کے) تنے

اَعْجَبَ=(ع ج ب)(1) وہ اُسے اچھا لگا

اَعْجَبَتْ=(ع ج ب)(1) وہ اچھی لگی

اَعَجَزْتُ=(ع ج ز)(1) کیا میں گیا گزرا ہوا

اَعْجَلَ=(ع ج ل)(1) اس نے جلدی کرائی

اَعْجَمِيًّا=(ع ج م) عجمی۔ غیر عربی

اَعْجَمِيٌّ=(ع ج م) عجمی۔ غیر عربی

اَعْجَمِيْنَ=(ع ج م) عجمی لوگ

اَعَدَّ=(ع د د)(1) اس نے تیار کیا

اَعْدَاءً =(ع دو) دشمن (جمع)
اُعِدَّتْ =(ع دد)(1) وہ تیار کی گئی
اَعْدِلَ =(ع دل)(ض) میں عدل رانصاف کروں
اِعْدِلُوْا =(ع دل)(ض) تم عدل کرو
اَعَدُّوْا =(ع دد)(1) وہ تیاری کرتے
اَعِدُّوْا =(ع دد)(1) تم تیاری کرو
اُعَذِّبَنَّهٗ =(ع ذب)(2) میں ضرور اُسے سزا دوں گا
اُعَذِّبُ =(ع ذب)(2) میں عذاب دوں گا
اَعْرَابُ =(ع رب) عرب دیہاتی لوگ۔ بدو
اِعْرَاضًا =(ع رض) منہ پھیرنا
اِعْرَاضُهُمْ =(ع رض) ان کا منہ پھیر لینا
اَعْرَافِ =(ع رف) اعراف۔ اونچی جگہ
اَعْرَجَ =(ع رج) لنگڑا
اَعْرِضْ =(ع رض)(1) تو منہ پھیر لے
اَعْرَضَ =(ع رض)(1) اس نے منہ پھیرا
اَعْرَضْتُمْ =(ع رض)(1) تم نے منہ پھیرا
اَعْرَضُوْا =(ع رض)(1) انہوں نے منہ پھیرا
اَعْرِضُوْا =(ع رض)(1) تم منہ پھیر لو

اَعَزُّ =(ع زز) زیادہ عزت/زور والا
اَعِزَّةٍ =(ع زز) عزت والے۔ زبردست
اِعْصَارٌ =(ع ص ر) بگولا
اَعْصِرُ =(ع ص ر)(ض) میں نچوڑتا ہوں
اَعْصِيْ =(ع ص ی)(ض) میں نافرمانی کروں
اَعْطٰى =(ع ط و)(1) اس نے دیا
اُعْطُوْا =(ع ط و)(1) ان کو دیا گیا
اَعْطَيْنٰكَ (ع ط و)(1) ہم نے دیا تجھ کو
اَعِظُ =(و ع ظ)(ض) میں نصیحت کرتا ہوں
اَعْظَمُ =(ع ظ م) زیادہ بڑا
اُعْفُ =(ع ف و)(ن) تو معاف کر
اُعْفُوْا =(ع ف و)(ن) تم معاف کرو
اَعْقَابِ =(ع ق ب) ایڑیاں
اَعْقَبَهُمْ =(ع ق ب)(1) اس نے ان میں اثر رکھ دیا اس نے اُن کو وارث بنایا
اَعْلٰى =(ع ل ی) اعلیٰ۔ غالب
اَعْلَامِ =(ع ل م) پہاڑ (جمع)
اَعْلَمُ =(ع ل م)(س) میں جانتا ہوں
اَعْلَمُ =(ع ل م) زیادہ جاننے والا
اِعْلَمْ =(ع ل م)(س) تو جان
اِعْلَمُوْا =(ع ل م)(س) تم جانو

اَعْلَنْتُ=(ع ل ن)(1) میں نے اعلان کیا

اَعْلَنْتُمْ=(ع ل ن) (1) تم نے اعلان کیا

اَعْلَوْنَ=(ع ل و) غالب۔ بلند مرتبہ

اَعْمٰی=(ع م ی) اندھا

اَعْمَالٌ=(ع م ل) اعمال۔کام

اَعْمَلُ=(ع م ل)(س) میں عمل کرتا ہوں

اِعْمَلْ=(ع م ل)(س) تو کام کر

اِعْمَلُوْا=(ع م ل)(س) تم کام کرو

اَعْنَابٌ=(ع ن ب) انار (جمع)

اَعْنَاقٌ=(ع ن ق) گردنیں

اَعْنَتَکُمْ=(ع ن ت) (1) وہ تمہیں مشکل میں ڈال دیتا

اَعُوْذُ=(ع و ذ)(ن) میں پناہ چاہتا ہوں

اَعْهَدْ=(ع ھ د)(س) میں نے عہد لیا

اَعِیْبَهَا=( ع ی ن)(ض) میں اس میں عیب ڈال دوں

اُعِیْدُوْا=(ع و د) (1) وہ لوٹا دیے گئے

اُعِیْذُ=(ع و ذ) (1) میں پناہ دیتا ہوں

اَعْیُنٌ=(ع ی ن) آنکھیں

اَعِیْنُوْنِیْ=(ع و ن) (1) تم میری امانت رمدد کرو

## غ

اِغْتَرَفَ=(غ ر ف) (7) اس نے چلّو بھرا

اُغْدُوْا=(غ د و)(ن) تم سویرے نکلو

اَغْرَقْنَا=(غ ر ق)(1) ہم نے غرق کر دیا

اُغْرِقُوْا=(غ ر ق) وہ غرق کیے گئے

اَغْرَیْنَا=(غ ر ی)(1) ہم نے بھڑکا دیا

اِغْسِلُوْا=(غ س ل)(ض) تم دھولو

اُغْشِیَتْ=(غ ش ی)(1) وہ ڈھانپ دی گئی

اَغْشَیْنَا=(غ ش ی)(1) ہم نے ڈھانپ دیا

اُغْضُضْ=(غ ض ض) تو پست رزم کر

اَغْطَشَ=( غ ط ش)(1) اُس نے تاریک بنایا

اِغْفِرْ=(غ ف ر)(ض) تو بخش دے

اَغْفَلْنَا=(غ ف ل)(1) ہم نے غافل کر دیا

اَغْلٰلٌ=(غ ل ل) طوق۔ ہتھکڑیاں

اَغْلِبَنَّ=(غ ل ب)(ض) میں ضرور غالب آؤں گا

اُغْلُظْ=(غ ل ظ)(ض۔ک) تو سختی کر

اَغْنٰی=( غ ن ی)(1) اس نے دولت مند بنایا۔ وہ کام آیا

اَغْنَتْ=( غ ن ی)(1) وہ کام آئی

اُغْنِیْ= غ ن ی)(1) میں کام آسکتا ہوں

اَغْنِیَاءُ=(غ ن ی) دولت مند (جمع)

اَغْوَیْتَنِیْ=(غ و ی)(1) تو نے مجھے گمراہ کیا

اَغْوَیْنَا=(غ و ی)(1) ہم نے گمراہ کیا

اُغْوِیَنَّهُمْ=(غ و ی)(1) میں اُن کو ضرور گمراہ کروں گا

## ءف

اَفَاضَ=(ف ی ض)(1) وہ واپس آیا

اَفَاقَ=(ف و ق)(1) اُسے افاقہ ہوا۔ وہ ہوش میں آیا

اَفَّاكٍ=(ء ف ک) بہت جھوٹا

اَفَآءَ=(ف ی ء)(1) اس نے لوٹایا۔ اس نے مالِ فئے دیا

اِفْتَحْ=(ف ت ح)(ف) تو کھول / فیصلہ کر

اِفْتَدٰی=(ف د ی)(7) اس نے فدیہ دیا

اِفْتَدَتْ=(ف د ی)(7) اس عورت نے فدیہ دیا

اِفْتَدَوْا=(ف د ی)(7) انہوں نے فدیہ دیا

اَفْتَرٰی=(ف ر ی)(7) کیا اس نے گھڑ لیا

اِفْتَرٰی=(ف ر ی)(7) اس نے تہمت لگائی اس نے گھڑ لیا

اِفْتَرَیْتُ=(ف ر ی)(7) میں نے گھڑ لیا

اِفْتَرَیْنَا=(ف ر ی)(7) ہم نے گھڑ لیا

اَفْتِنَا=(ف ت ی)(1) تو ہمیں فتویٰ / جواب دے

اَفْتُوْنِیْ=(ف ت ی)(1) تم مجھے خبر / جواب دو

اَفْرِغْ=(ف ر غ)(1) تو ڈال دے

اُفْرِغْ=(ف ر غ)(1) میں ڈال دوں

اُفْرُقْ=(ف ر ق)(ن ـ ض) تو جدائی ڈال دے

اِفْسَحُوْا=(ف س ح)(ف) تم جگہ کھول دو

اَفْسَدُوْهَا=(ف س د)(1) انہوں نے اُسے خراب کر دیا

اَفْصَحُ=(ف ص ح) زیادہ فصیح۔ زیادہ خوش بیان

اَفْضٰی=(ف ض ی)(1) وہ مل چکا

اَفَضْتُمْ=(ف ی ض)(1) تم واپس آؤ

اِفْعَلْ=(ف ع ل)(ف) تو کر

اِفْعَلُوْا=(ف ع ل)(ف) تم کرو

اَفَلَتْ=(ء ف ل)(ن) وہ غروب ہوئی

اَفْلَحَ=(ف ل ح)(1) وہ کامیاب ہوا

اَفْنَانٌ=(ف ن ن) شاخیں

اَفْوَاجًا=(ف و ج) فوج در فوج

اَفْوَاهُ=(ف و ہ)منہ(جمع)

اَفُوْزَ=(ف و ز)(ن)میں کامیاب ہوتا

اُفَوِّضُ=(ف و ض)(2)میں سپرد کرتا ہوں

اَفْئِدَةٌ=(ف ء د)دل(جمع)

اَفِيْضُوْا=(ف ی ض)(1)تم واپس آؤ۔تم ڈالو، بہاؤ

## ق

اَقَامَ=(ق و م)(1) اس نے قائم کیا

اِقَامَ=(ق و م)(1) قائم کرنا

اِقَامَتِكُمْ=(ق و م)(1)تمہارا قیام کرنا

اَقَامُوْا=(ق و م)(1)انہوں نے قائم کیا

اَقَاوِيْلَ=(ق و ل)باتیں

اَقْبَرَهٗ=(ق ب ر)(1)اس نے اُسے گاڑا، قبر میں رکھا

اَقْبِلْ=(ق ب ل)(1)تو آگے آ

اَقْبَلَ=(ق ب ل)(1)وہ آگے آیا۔متوجہ ہوا

اَقْبَلْنَا=(ق ب ل)(1)ہم متوجہ ہوئے

اَقْبَلُوْا=(ق ب ل)(1)وہ متوجہ ہوئے

اُقِّتَتْ=(وق ت)(2)اس کا وقت مقرر کیا گیا

اِقْتَتَلَ=(ق ت ل)(7)وہ لڑا

اِقْتَتَلُوْا=(ق ت ل)(7)وہ لڑے

اِقْتَحَمَ=(ق ح م)(7)وہ گھسا

اِقْتَدِهْ=(ق د و)(7)تو اس کی پیروی کر

اِقْتَرَبَ=(ق ر ب)(7)وہ قریب آیا

اِقْتَرِبْ=(ق ر ب)(7)تو قریب ہو جا

اِقْتَرَبَتْ=(ق ر ب)(7)وہ قریب ہوئی

اِقْتَرَفْتُمُوْهَا=(ق ر ف)(7)تم نے اُس کو کمایا

اَقْتُلُ=(ق ت ل)(ن)میں قتل کرتا ہوں

اَقْتُلَنَّكَ=(ق ت ل)(ن)میں ضرور تجھے قتل کروں گا

اُقْتُلُوْا=(ق ت ل)(ن)تم قتل کرو

اَقْدَامٌ=(ق د م)قدم(جمع)

اَقْدَمُوْنَ=(ق د م)پرانے لوگ

اِقْذِفِيْهِ=(ق ذ ف)(ض)تو ڈال دے اُس کو

اَقْرَبُ=(ق ر ب)زیادہ قریب

اَقْرَبُوْنَ=(ق ر ب)قریبی رشتہ دار(جمع)

اَقْرَبِيْنَ=(ق ر ب) قریبی رشتہ دار(جمع)

اَقْرَرْتُمْ=(ق ر ر)(1)تم نے اقرار کیا

اَقْرَرْنَا=(ق ر ر)(1)ہم نے اقرار کیا

اَقْرَضْتُمُ=(ق ر ض)(1)تم نے قرض دیا

اَقْرَضُوْا=(ق ر ض)(1) انہوں نے قرض دیا
اَقْرِضُوْا=(ق ر ض)(1) تم قرض دو
اِقْرَءْ=(ق ر ء)(ف ـ ن) تو پڑھ
اَقْسَطُ=(ق س ط) زیادہ انصاف کرنے والا
اَقْسِطُوْا=(ق س ط)(1) تم انصاف کرو
اُقْسِمُ=(ق س م)(1) میں قسم کھاتا ہوں
اَقْسَمْتُمْ=(ق س م)(1) تم نے قسم کھائی
اَقْسَمُوْا=(ق س م)(1) انہوں نے قسم کھائی
اَقْصَا=(ق ص ی) بہت دور۔ مسجد اقصیٰ
اِقْصِدْ=(ق ص د)(ض) تو میانہ روی اختیار کر
اُقْصُصُ=(ق ص ص)(ن) تو بیان کر
اِقْضِ=(ق ض ی) (ض) تو فیصلہ کر
اِقْضُوْا=(ق ض ی)(ض) تم فیصلہ کرو
اَقْطَارِ=(ق ط ر) کنارے۔ اطراف
اُقَطِّعَنَّ=(ق ط ع)(ف) میں ضرور کاٹوں گا
اِقْطَعُوْا=(ق ط ع)(ف) تم کاٹو
اَقْعُدَنَّ=(ق ع د)(ن) میں ضرور بیٹھوں گا
اُقْعُدُوْا=(ق ع د)(ن) تم بیٹھو

اَقْفَالُهَا=(ق ف ل) تالے اُس کے
اَقُلْ=(ق و ل)(ن) میں نے کہا
اَقَلَّ=(ق ل ل) بہت کم
اَقْلَامٌ=(ق ل م) قلم (جمع)
اَقَلَّتْ=(ق ل ل)(1) اس نے کم / ہلکا پایا
اَقْلِعِیْ=(ق ل ع)(1) تم تھم جا
اَقِمْ=(ق و م)(1) تو قائم کر
اَقَمْتَ=(ق و م)(1) تو نے قائم کیا
اَقَمْتُمْ=(ق و م)(1) تم نے قائم کیا
اَقِمْنَ=(ق و م)(1) وہ (عورتیں) قائم کریں
اَقْنٰی=(ق ن ی)(1) اس نے عطا کیا / غنی کیا
اُقْنُتِیْ=(ق ن ت)(ن) تو (عورت) فرماں بردار بن
اَقْوَاتَهَا=(ق و ت) اس کی خوراکیں / غذائیں
اَقُوْلُ=(ق و ل)(ن) میں کہتا ہوں
اَقْوَمُ=(ق و م) زیادہ سیدھا
اَقِیْمُوْا=(ق و م)(1) تم قائم کرو

## ء ک

اَكُ=(ک و ن)(ن) میں ہوں

